دروس بہ سلسلہ دعوت شرکت ختم نبوت کانفرنس ۱۲ربیع الاول چناب نگر:

مجلس احرار اسلام ملتان کے زیر اہتمام سالانہ ختم نبوت کانفرنس چناب نگر کی دعوت کے سلسلہ میں شہر میں مختلف مقامات پر دروس ختم نبوت کا اہتمام کیا گیا۔۱۲ر دسمبر جمعۃ المبارک اجتماع سے مسجد نور، جامع مسجد کرنالوی میں سید عطاء المنان بخاری نے بیان کیا۔۱۹ر دسمبر جمعۃ المبارک کے اجتماعات سے جامع مسجد ابوبکر صدیق میں مفتی سید صبیح الحسن ہمدانی، جامع مسجد کرنالوی میں مولانا محمد اکمل، اور جامع مسجد زینت الاسلام میں مفتی نجم الحق نے خطاب کیا۔۲۱ر دسمبر بعد از ظہر بستی گرے والہ میں مفتی صبیح الحسن نے خطاب کیا۔۲۹ر دسمبر اجتماعات جمعۃ المبارک سے جامع مسجد الخلیل میں مولانا محمد اکمل، جامع مسجد گل شاہ عثمانی میں مفتی نجم الحق، جامع مسجد طالب دین والی میں مفتی سید صبیح الحسن ہمدانی، جامع مسجد ابوہریرہ میں سید عطاء المنان بخاری نے خطاب کیا۔

(ملتان، ۲۹ر دسمبر) ''یوم تاسیس احرار'' کے موقع پر مرکزی تقریب مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی دفتر دارِ بنی ہاشم ملتان میں منعقد ہوئی جس سے قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج مجلس احرار اسلام کو قائم ہوئے پچاسی برس پورے ہو رہے ہیں۔ احرار کو اپنی دینی و سیاسی خدمات پر فخر ہے۔ ہم تجدیدِ عزم کرتے ہیں کہ یہ پرچم کبھی خم نہیں ہوگا اور احرار، تحفظِ ختم نبوت کے محاذ پر دادِ شجاعت دیتے رہیں گے۔

ادارہ

مسافران آخرت

- **حاجی محمد رمضان رحمہ اللہ:** مجلس احرارِ اسلام جھنگ کے ناظم نشر و اشاعت جناب محمد انور مُغل کے والد ماجد حاجی محمد رمضان مغل ۲۰ر نومبر ۲۰۱۴ء بروز جمعرات انتقال فرما گئے۔
- **محمد طیب رحمہ اللہ:** مجلس احرار اسلام کمالیہ (ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) یکم دسمبر ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئے۔
- **شیخ نثار احمد رحمہ اللہ:** مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن اور سٹینڈرڈ بیکری ملتان کے شیخ نیاز احمد، اعجاز احمد کے چچا، بھائی آفتاب احمد، محمد محسن کے والد شیخ نثار احمد ۱۰ر دسمبر ۲۰۱۴ء بروز بدھ لاہور میں انتقال کر گئے۔
- **والد مرحوم مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی:** عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی کے والد ماجد اور مولانا ثناء اللہ شجاع آبادی کے دادا میاں عبدالخالق رحمۃ اللہ علیہ ۱۹ر دسمبر ۲۰۱۲ء جمعۃ المبارک کو شجاع آباد میں انتقال فرما گئے۔
- **اہلیہ مرحومہ، مولانا ریاض الحق قاروق رحمہ اللہ:** ہمارے مرحوم دوست مولانا میاں ریاض الحق قاروق (سنی پبلی کیشنز، لاہور) کی اہلیہ اور عزیزم حافظ محمد سعد کی والدہ گزشتہ ماہ شیخو پورہ میں انتقال کر گئیں۔
- مدرسہ معمورہ کے معاون جناب شوکت علی کی اہلیہ ۵ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو ملتان میں انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے جنرل سیکرٹری شیخ مظہر سعید کے سسر شیخ رحمت علی مرحوم ۱۱ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔
- حافظ محمد اشرف (چیچہ وطنی) کے بڑے بھائی حکیم غلام حسین مرحوم ۱۲/۲۰۱۴ء دسمبر کو انتقال کر گئے۔
- ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے دوست حاجی محمد اجمل نانچ کی والدہ صاحبہ انتقال ۲۵ر دسمبر
- مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے صدر جناب شیخ مظہر سعید کے سسر شیخ رحمت علی مرحوم ۱۱ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین)